نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے فصلوں کو نقصان دہ کیڑوں کے حملہ سے محفوظ رکھنے کیلئے موبائل پیسٹ سرویلنس کا افتتاح کر دیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ کی زراعت کو حقیقی معنوں میں جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:29اپریل2026:( ) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے فصلوں کو نقصان دہ کیڑوں اور بیماریوں سے محفوظ بنانے اور زرعی پیداوار میں اضافہ کے لیے موبائل پیسٹ سرویلنس سکواڈ کے قیام کا کالا شاہ کاکو میں منعقدہ تقریب کے دوران افتتاح کر دیا۔افتتاحی تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سمیت ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، پیسٹ سرویلنس سکواڈ کے افسران، پلانٹ پروٹیکشن اسسٹنٹس اور متعلقہ عملہ بھی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ کی زراعت کو حقیقی معنوں میں جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے محکمہ زراعت میں جدت لانے کے لیے فراخدلانہ وسائل فراہم کیے ہیں جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شعبہ پیسٹ وارننگ کے تحت 47 کروڑ روپے کی لاگت سے پیسٹ سرویلنس سکواڈز قائم کیے گئے ہیں جو فیلڈ میں جا کر فصلوں پر کیڑوں اور بیماریوں کے حملوں کی بروقت تشخیص کریں گے اور کاشتکاروں کو مؤثر کنٹرول کے حوالے سے رہنمائی فراہم کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ پہلے مرحلہ میں ملتان، بہاولپور، ڈی جی خان، فیصل آباد اور ساہیوال ڈویژنز میں ان سکواڈز کو فعال کر دیا گیا ہے جبکہ تحصیل کی سطح پر 65 گاڑیاں بھی فراہم کی گئی ہیں جن میں جدید تشخیصی کٹس موجود ہیں۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر بتایا کہ اس پروگرام کے تحت 105 پلانٹ پروٹیکشن اسسٹنٹس بھرتی کیے گئے ہیں جبکہ سکواڈز کی کارکردگی کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے کیڑوں اور بیماریوں کے مربوط انسداد کو فروغ ملے گا اور پائیدار، ماحول دوست زراعت کے فروغ میں مدد ملے گی۔تقریب کے اختتام پر مہمانِ خصوصی سید عاشق حسین کرمانی نے موبائل پیسٹ سرویلنس سکواڈز کا باضابطہ افتتاح کیا۔

☆☆☆☆